ٹی آئی سی او آل -ان-ون سفرکےساتھی(TICO All-In-One Travel (Companion

آپ کا سفر تیار ہے۔

ٹی آئی سی او (TICO) کے تحت رجسٹر شدہ ٹریول ایجنسی یا ویب سائٹ کے ساتھ اپنے سفر کی بکنگ کر کے، آپ اپنی سفری سرمایہ کاری میں خود بخود صارفین کی حفاظت کوشامل کر رہے ہیں۔ اور یہ آسان ہے کیونکہ اونٹاریو میں کام کرنے والی تمام ٹریول ایجنسیز اور انکی ویب سائٹ کو رجسٹرڈ ہونا ضروری ہے۔ یہ قانون ہے۔

ٹی آئی سی او (TICO) آپ کی سفری خریداری کے لیے صارفین کا تحفظ ہے – ہر اس شخص کے لیے ذہنی سکون ہے،جو ٹی آئی سی او (TICO) سےرجسٹرڈ ٹریول ایجنسی یا ویب سائٹ سے اپنا سفر بک کرواتا ہے۔

اس بات سے کوئی فرق نہیں پڑتا ہے کہ آپ کہاں سفر کرتے ہیں، جب آپ ٹی آئی سی او (TICO) سےرجسٹرڈ ٹریول ایجنسی یا ویب سائٹ سے سفر خریدتے ہیں، تو آپ کو یہ جان کر سکون ملتا ہے کہ ٹی آئی سی او (TICO) مدد کے لیے موجود ہے۔

صارفین کے تحفظ، سفری تجاویزیا ٹی آئی سی او (TICO) کس طرح مدد کر سکتا ہے ، اسکے بارے میں مزید معلومات کے لیے،www.tico.ca ملاحظہ کریں۔

قانون

اونٹاریو میں تمام ٹریول ایجنسیز، ویب سائٹس اور ٹور آپریٹرز کو ٹی آئی سی او (TICO) کے ساتھ رجسٹرڈ ہونا چاہیے اور قانون پر عمل کرنا چاہیے۔

بطور صارف، آپ درج ذیل کے حقدار ہیں:

- ü سچا اشتہار اور تمام قیمتوں کا انکشاف
- ü اہم معلومات کا انکشاف اور مناسب رسید
- ü ذہنی سکون ،یہ جان کر کہ آپ ایک منظم کاروبار کے ساتھ بکنگ کر رہے ہیں

نگرانی

ٹی آئی سی او (TICO) اونٹاریو ٹریول ایجنسیوں اور ویب سائٹس کا معائنہ اور نگرانی کرتا ہے۔

ٹی آئی سی او (TICO) اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ اونٹاریو کی ٹریول ایجنسیز، ویب سائٹس اور ٹور آپریٹرز صارفین کے تحفظ کے سخت قوانین پر عمل کریں، اور ان لوگوں کو تنبیہ کرتا ہے جو قواعد پر عمل نہیں کرتے ہیں۔

رقم کی واپسی

ٹی آئی سی او (TICO) ان خدمات کی رقم واپس کرتا ہے جن کے لیے آپ نے ادائیگی کی لیکن موصول نہیں ہوئیں۔

اگر آپ ٹی آئی سی او (TICO) -رجسٹرڈ ٹریول ایجنسی یا ویب سائٹس سے سفری خدمات خریدتے ہیں، اور بند ہونے یا دیوالیہ ہونے کی وجہ سے آپ کو وہ خدمات موصول نہیں ہوتی ہیں، تو ٹی آئی سی او (TICO) مدد کر سکتا ہے۔

- ü اونٹاریو ٹریول ایجنسیز، ویب سائٹ اور ٹور آپریٹرز کا احاطہ کرتا ہے
- ü کسی بھی ایئر لائن یا کروز لائن کا احاطہ کرتا ہے
- ü فی شخص 5000 ڈالر تک کی واپسی
- ü کچھ معاملات میں، ٹی آئی سی او (TICO) پھنسے ہوئے مسافروں کو گھر لے آئے گا۔

شکایات

جب آپ کو شکایت ہو، تو ٹی آئی سی او (TICO) آپ کی مدد کرتا ہے۔

اگر آپ کو ٹی آئی سی او (TICO) رجسٹرڈ ٹریول ایجنسی، ویب سائٹ یا ٹور آپریٹر کے ساتھ بکنگ کرنے کے بعد کوئی شکایت ہے، تو آپ کی مدد کے لیے ٹی آئی سی او (TICO) کے پاس ایک شکایت کا عمل ہے۔

ہم یہ دیکھنے کے لیے آپ کی ٹریول ایجنسی، ویب سائٹ یا ٹور آپریٹر کے ساتھ بات چیت کریں گے کہ آیا صارفین کے تحفظ کے قوانین پر عمل کیا گیا ہے۔

اگرچہ ہم کوئی تصفیہ مسلط نہیں کر سکتے اور نہ ہی ثالث کے طور پر کام کر سکتے ہیں، لیکن ہم اس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ آپ کو اپنی تشویش کو حل کرنے میں مدد کرنے کے لیے ایک عمل دستیاب ہے۔

تعلیم

ٹی آئی سی او (TICO) اونٹاریو میں ٹریول ایجنٹس کے لیے تعلیمی معیارات کا انتظام کرتا ہے۔

ہر ٹریول ایجنٹ جو ٹی آئی سی او (TICO) سےرجسٹرڈ ٹریول ایجنسی یا ویب سائٹ کےلئے کام کرتا ہے، قانون کے مطابق، سفر کی فروخت کرتے وقت اس کو اپنےمطلوبہ تعلیمی معیارپر پورا اتر کراپنی ذمہ داریوں کو پورا کرناضروری ہے۔

tico.ca

55 Standish Court, Suite 460
Mississauga, ON L5R 4B2
Tel: (905) 624-6241
Fax: (905) 624-8631
Toll: 1-888-451-TICO (8426)
Email: tico@tico.ca